© rasailojaraid.com



بی بی ہے، کوئی ڈائن یا چڑیل تو نہیں۔

* تمام سیاست دانوں کو لائن میں کھڑا کر کے گولی سے اڑا دیا جائے۔ (لاہور ہائی کورٹ کے احاطے میں ایک مخبوط الحواس کا بیان)

مخبوط الحواس نہیں مضبوط الحواس کا بیان۔

* کراچی میں قتل وغارت ابھی جاری رہے گی (صدر لغاری)

صدر کی قوم کو اطلاع

* کراچی کے حالات ڈیڑھ سال میں ٹھیک ہوں گے (بے نظیر)

وقفہ بہت زیادہ ہے۔

* امن کے لئے تین ماہ لگ جائیں گے (وزیر داخلہ بابر)

یعنی ..... ۹۰ دن۔

* زرداری نے پی آئی اے بھرتی میں کروڑوں کمائے (تکبیر کی رپورٹ)

نام کی لاج رکھ لی۔

* اداکارہ نادرہ کی نماز جنازہ کربلا گامے شاہ میں ادا کی گئی (ایک خبر)

خبر صحیح ہے، وہیں ہونی تھی۔

* اس وقت میں ہوتی تو بنگلہ دیش نہ بنتا۔ (بے نظیر)

بس ہماری بدقسمتی! اس وقت آپ کے والد صاحب تھے۔

* اللہ کی کتاب اور نبی ﷺ کی سنت کو مضبوطی سے پکڑنا چاہیئے (بے نظیر)

جس نبی ﷺ کی توہین کے مرتکب رحمت مسیح۔ سلامت مسیح کو آپ نے پورے پروٹوکول کے ساتھ باہر روانہ کیا۔ کچھ تو حیا چاہیئے!

* علاقے میں ہونے والے جرائم کی ذمہ داری ایس ایچ او پر ہوگی (آئی جی پنجاب)

اسے کہتے ہیں عوام کو بے وقوف بنانا۔

* ایم کیو ایم۔ حکومت مذاکرات۔ دوسرے دن کراچی میں بیس آدمی ہلاک (ایک خبر)

امن کے پیمبروں کا رات اک جلسہ ہوا

صبح ہوتے ہی میری بستی میں قتل عام تھا

* عورت کو گھر میں بند رکھنا خلاف اسلام ہے (بے نظیر)

حضرت فاطمہ علیہا السلام گھر سے باہر نہیں نکلیں؟

* ملک تباہ ہو رہا ہے "پنکی" وٹو کے وٹ نکالنے کے پیچھے پڑی ہوئی ہے۔ (شیخ رشید)

"پنکی" ...... یہ استری کس کمپنی کی ہے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


پروفیسر عابد صدیق

# غزل

خیال و خواب و محال اب گشادِ کار ہوئی
بنائے تازہ خرابی پہ استوار ہوئی

فریب و دجل و دغا خوئے شہر یار ہوئی
خراج دے کے بھی کٹیا نہ واگزار ہوئی

ستم کا طرز بدلتا رہا مزاج کے ساتھ
نصابِ درد کی تدوین بار بار ہوئی

نہ کوئی دل کہیں مچلا نہ زلف لہرائی
دیارِ عشق میں تعطیلِ کاروبار ہوئی

کوئی تو بات محبت میں مستقل ہوتی
کہ اب وفا بھی مثالِ مزاجِ یار ہوئی

جمال والوں کی جلوہ فروشیوں کے طفیل
متاعِ حسن و ادا وقفِ اشتہار ہوئی

© rasailojaraid.com
© rasailojaraid.com